بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

فضائل درود

• درود شریف کے ثواب میں اللہ جل شانہ کا بندے پر درود بھیجنا (رحمتیں)

• فرشتوں کا درود بھیجنا • خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اس پر درود بھیجنا

• خطاؤں کا کفّارہ • اعمال کو پاکیزہ بنادینا • درجات بلند ہونا • گناہوں کی معافی

• خود درود کا مغفرت طلب کرنا درود پڑھنے والے کیلئے • نامۂ اعمال میں ایک قیراط (احد پہاڑ کے برابر) ثواب

• اعمال کا بہت بڑی ترازو میں تلنا

• جو شخص اپنی ساری دعاؤں کو درود بنادے اسکے دنیا اور آخرت کے سب کاموں کی کفایت

• خطرات سے نجات پانا • نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا قیامت کے دن اس کیلئے گواہ بننا

• آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کا واجب ہونا • اللہ کی رضا اور اسکی رحمت کا نزول، اسکی ناراضگی سے امن

• قیامت کے دن عرش کے سائے میں داخل ہونا، • اعمال تلنے کے وقت نیک اعمال کے پلڑے کا جھکنا

• حوض کوثر پر حاضری نصیب ہونا، قیامت کے دن کی پیاس سے امن نصیب ہونا، جھنّم کی آگ سے خلاصی نصیب ہونا، پل صراط پر سہولت سے پار ہونا، مرنے سے پہلے اپنا ٹھکانہ جنّت میں دیکھ لینا

• درود شریف صدقہ کے قائم مقام ہے، اسکی وجہ سے مال میں برکت ہوتی ہے، اسکی برکت سے سو حاجتیں بلکہ اس سے بھی زیادہ پوری ہوتی ہیں، اعمال میں اللہ کے نزدیک بہت زیادہ محبوب ہے، مجالس کی زینت ہے، فقر اور تنگئ معشیت کو دور کرتا ہے، اسکے ذریعے اسباب خیر تلاش کئے جاتے ہیں

• درود پڑھنے والا قیامت میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سب سے زیادہ قریب ہوگا

• درود کی برکت سے بیٹے اور پوتے (اگلی نسل) کو نفع ہوتا ہے، وہ بیشک نور ہے، دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنے کا ذریعہ ہے اور دلوں کو نفاق سے اور زنگ سے پاک کرتا ہے، لوگوں کے دلوں میں محبت پیدا ہونے کا ذریعہ ہے

• خواب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا ذریعہ ہے اور اس کے پڑھنے والا اس سے محفوظ رہتا ہے کہ لوگ اسکی غیبت کریں

• درود پاک دین و دنیا میں بہت زیادہ نفع دینے والا عمل ہے، ایسی تجارت جس میں نقصان نہیں، اولیائے کرام کا صبح شام کا مستقل معمول ہے، وسیلہ ہے خوشی حاصل کرنے کا، ذریعہ بہترین عطاؤں کا، پس جہاں تک ہو سکے درود شریف پر جما رہا کر کہ اس سے اپنی گمراہی سے نکل آئے گا، آپکے اعمال صاف ستھرے ہو جائیں گے، آپکی امیدیں بر آئیں گی، دل منوّر ہو جائے گا اور قیامت کی وحشت میں امن نصیب ہو گا۔

ماخوذ:

شیخ زکریا رحمتہ اللہ علیہ

علاّمہ سخاوی رحمتہ اللہ علیہ

• نماز والا درود سب سے افضل ہے

• مختصر درود " اللّٰھم صَلِّ علٰی مُحمدٍ اَفضَلَ صَلوٰتِک "

• ۱۰۰ کی تسبیح چند منٹ میں

• جمعہ کو زیادہ معمول ہو

• آپ ۳۰۰ درود روزانہ پڑھیے

• کچھ مشائخ کا اپنا عمل سوا لاکھ روزانہ درود!

• کتابیں دعا درود (پاکٹ سائز)

- ۴۰ درود چہل حدیث حکیم الامت/ زادالسعید
- دلائلُ الخیرات
- قصیدہ بردہ شریف

https://islameasy.org/urdu-books

https://askalimah.org/solutions_of_problems_list/Dua,__Zikr_and__Supplications/